17/03/2026

12:30 /PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینعمر مختار

ایران

ایران میں قائم بھارتی سفارتخانے نے وہاں مقیم بھارتی شہریوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ تہران میں انڈین ایمبسی کی اجازت کے بغیر ایران کی کوئی بھی زمینی سرحد پار کرنے کی کوشش نہ کریں ۔ ایک ایڈوائزری میں سفارتخانے ،نے کہا کہ ایسا کرنے والوں کو امیگریشن سے متعلق شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتاہے۔ایران میں مقیم بھارتی باشندوں کو ایڈوائزری پر مکمل عمل کرنے اور سفارتخانے کے ساتھ رابطے میں رہنے کیلئے کہاگیا ہے۔

سکیم

جموں وکشمیر حکومت نے سڑک حادثات کے متاثرین کو بر وقت طبی امداد فراہم کرانے کیلئے راحت PM یعنیPM Road Accident Victims Hospitalization & Assured Treatment اسکیم شروع کی ہے ۔

اٹل ڈلو

جموں کشمیر میں شہری انتظامیہ میں ڈیجیٹل ارتقاءکی جانب پیش قدمی کے تحت چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے مکانات وشہری ترقی محکمے کی جانب سے تیار کئے گئے Auto Scrutiny Based Building Permissionاور Change of Land use portal کا آغاز کیا ۔ ان اقدامات کا مقصد بلدیاتی اداروں کے کام کاج میں مزید بہتری لانے کے ساتھ ساتھ کام کے طریقہ کار میں آسانی پیدا کرنا ہے ۔

DCسرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے JLNM اسپتال رعنا واری سرینگر کا دورہ کرکے وہاں کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کیلئے جاری کام کا جائزہ لیا۔ انہوننے وہاں ایک سو

بستروں والے اضافی بلاک اور ڈسٹرکٹ انٹی گریٹیڈ پبلک ہیلتھ لیبارٹری کے کام کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

ڈپٹی کمشنر نے ایس آر گنج سرینگر میں اربن پرائمری ہیلتھ سینٹر کے تجدیدی کام کا بھی جائزہ لیا۔

خانیار علی محمد ساگر نے MLA اس دوران نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری اور یونٹ کا افتتاح کیا۔ Catarhex-3 غوثیہ اسپتال خانیار میں جدید

بڈگام

بڈگام کے ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان نے ضلع میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کیلئے دستیاب رقومات کا سو فیصد منصفانہ استعمال کرنے اور پروجیکٹوں کو وقت مقررہ کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے ۔

انہوں نے ضلع افسران کی ایک میٹنگ کے دوران سال2025-26کے ضلع کیپکس بجٹ، کیپکس بجٹ کے تحت ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ UT کانسٹیچونسی ڈیولپمنٹ فنڈ اور لیا۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے ضلع انتظامیہ کے متعلقہ افسروں اور محکموں کو ضلع میں منشیات کے کاروبار کے خلاف جاری کارروائیوں میں مزید تیزی لانے کی ہدایت دی ہے ۔ ضلع سطح کی نار کو کارڈینیشن سینٹر کمیٹی کی ماہانہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے اس وباءکی روکھتام کی سرگرمیوں میں سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی با اثر کے تحتNCORD شخصیات کو شامل کرنے پر زور دیا ۔میٹنگ میں بتایا گیا کہ ضلع میں CCTV- کیمروں کی تنصیب کا سو فیصد کام مکمل کیا جا چکا ہے

میلہ

ضلع انتظامیہ پلوامہ کی جانب سے ترال میں مشن یوا کے تحت ایک آنٹر پرنیور شپ میلہ منعقد ہوا ۔ اس میلے کا افتتاح MLA ترال رفیق احمد نائیک نے کیا۔میلے کے دوران نوجوانوں کو مختلف سرکاری محکموں کے خود روز گار پروگراموں کے بار ے میں جانکاری دی گئی۔اس موقعے پر MLA موصوف نے مشن یوا کے کئی مستحقین میں منظوری نامے تقسیم کئے۔

سکاسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کی طرف سے نوجوانوں کو قدرتی وسائل کو تحفظ دینے اور صفائی ستھرائی کی جانب راغب کرنے کے مقصد سے کل ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا ۔اس موقعے پر سکاسٹ میں ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر رئیحانہ حبیب کنٹھ مہمان خصوصی جبکہ یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر عظمت عالم خان مہمان ذی وقار کی حیثیت سے موجود تھے۔

ظریف

کشمیر ہارٹ سرینگر میں کل Atal Vayio Abhyuday yojana کے تحت معزز شہریوں کیلئے ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔معروف سماجی اصلاح کار اور شاعر ظریف احمد ظریف تقریب پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔اس موقعے پر سماجی بہبود محکمے کی طرف سے اُن معزز شہریوں کی عزت افزائی کی گئی جنہوں نے سماجی خدمات کے مختلف شعبوں میں نمایاں کار کردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

ACB

سپیشل جج اینٹی کورپشن کورٹ سرینگرنے رشوت خوری کے ایک معاملے مینبشیر احمد ڈار نامی ایک پٹواری کو ملزم قرار دیا ہے ۔ اسی طرح کے ایک اور معاملے میں ACB نے پٹوار حلقہ منڈادھمپور کے پٹواری محمد سلیم بانڈے کے خلاف چارچ شیٹ داخل کی ہے ۔

پدم ایوارڈ

حکومت نے 2027 کے پدم ایوارڈز کیلئے نامزدگیاں اور سفارشات طلب کی ہیں۔ وزارت داخلہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پدم ایوارڈز کا اعلان اگلے سال یوم جمہوریہ کے موقع پر کیا جائے گا۔ اِن نامزدگیوں کی آخری تاریخ 31 جولائی ہے۔ پدم ایوارڈز کیلئے یہ نامزدگیاں اور سفارشات راشٹرپتی پرسکار پورٹل کے ذریعے صرف آن لائن موصول کی جائیں گی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ